# ٹینڈر نوٹس

زیردستخطی کو برائے مالی سال 27-2026 دفتر ریجنل پولیس آفیسر ہزارہ ریجن کی تمام سرکاری گاڑیوں کی مرمت انجن اوورہالنگ ،بیٹریوں ،ٹائرٹیوبز اور دیگر پرزہ جات کیلئے مورخہ 10-08-2026 بروز سوموار دن 10:00 بجے تک مجوزہ پیڈ پر سر بمہر کوٹیشنز مطلوب ہیں، جو اسی روز بوقت 12:00 بجے دن زیردستخطی کے دفتر میں کوٹیشنز دھندہ گان اور کمیٹی ممبران کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔گاڑیوں کی مرمت ،سپئیر پارٹس کی تفصیل وغیرہ زیردستخطی سے اشتہار ہذا کی تاریخ سے لیکر کوٹیشن کھولنے کی تاریخ تک بدوران دفتری اوقات کار میں وصول کئے جاسکتے ہیں جس کیلئے متعلقہ فرم/ ڈیلر کو اپنے لیٹر پیڈ پر درخواست دینی ہوگی۔

## شرائط ٹینڈر

1) منظور شدہ ٹینڈر ریٹس مورخہ 01-07-2026 تا 30-06-2027 تک مئوثر اور نافذ العمل رہیں گے۔

2) رجسٹرڈ انکم / سیلز ٹیکس اور وینڈر نمبرز رکھنے والے ڈیلر کو ترجیح دی جائے گی۔

3) متعلقہ ڈیلرز کا سیلز ٹیکس رجسٹریشن پیش نہ کرنے کی صورت میں تمام مروجہ ٹیکسز ،بلوں سے کاٹے جائیں گے۔

4) خواشمند ڈیلرز ٹوٹل رقم کا 2% بطور سیکیورٹی پے آرڈر یا بینک ڈرافٹ کی صورت میں بنام ریجنل پولیس آفیسر ہزارہ ریجن ایبٹ آباد جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

5) کامیاب بولی دھندگان کو باقاعدہ اسٹامپ پیپر پر محکمہ کے ساتھ اگریمنٹ کرنا ہوگا۔

6) کامیاب ڈیلرز کو 10% بطور سیکیورٹی جمع کروانی ہوگی۔

7) بلز کی ادائیگی کام مکمل کرنے ،باقاعدہ انسپکشن اور بلز پاس ہونے کے بعد ہوگی۔

8) محکمہ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ ایک یا تمام ٹینڈر KPPRA RULES-47 کے تحت منسوخ کر سکتا ہے۔

9) کنٹریکٹر پابند ہوگا کہ کوئی بھی مرمت کا کام یا سپئیر پارٹس غیر معیاری پایا گیا تو وہ اپنے خرچ پر مرمت یا سپئیر پارٹ تبدیل کرے گا۔

10) نرخ ،آئیٹم کے حساب سے بشمول تمام ٹیکس چیک کئے جائیں گے اور ٹیکسز بل سے کاٹ دیئے جائیں گے۔

11) متعلقہ ڈیلرز تبدیل شدہ کنڈم / ناکارہ اشیاء پارٹس واپس کرنے کا پابند ہوگا۔

ریجنل پولیس آفیسر

ہزارہ ریجن ایبٹ آباد

CamScanner